NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON PLANNING, DEVELOPMENT AND SPECIAL INITIATIVES ON PUBLIC PRIVATE PARTNERSHIP AUTHORITY (AMENDEMENT) BILL, 2022 (GOVERNMENT BILL)

I, the Chairman of Standing Committee on Planning, Development and Special Initiatives, have the honor to present this report on the Bill further to amend Public Private Partnership Authority Act, 2017 (Act VIII of 2017) [Public Private Partnership Authority (Amendment) Bill, 2022] (Government's Bill) (Ordinance No. XVIII of 2021) referred to the Committee on 21st October, 2021.

2. The Committee consists of the following: -

1)	**Mr. Junaid Akbar**	**Chairman**
2)	Mr. Sher Akbar Khan	Member
3)	Mr. Saleh Muhammad	Member
4)	Mr. Shaukat Ali	Member
5)	Syed Faiz-ul-Hassan	Member
6)	Mr. Nawab Sher	Member
7)	Ms. Muhammad Ibrahim Khan	Member
8)	Sardar Nasrullah Khan Dreshak	Member
9)	Mr. Sher Ali Arbab	Member
10)	Mr. Imran Khattak	Member
11)	Chaudhary Salik Hussain	Member
12)	Mr. Muhammad Sajjad	Member
13)	Mr. Ahsan Iqbal Chaudhary	Member
14)	Mr. Muhammad Junaid Anwar Chaudhary	Member
15)	Sardar Muhammad Irfan Dogar	Member
16)	Ms. Shaza Fatima Khawaja	Member
17)	Syed Murtaza Mahmud	Member
18)	Mr. Naveed Dero	Member
19)	Syed Agha Rafiullah	Member
20)	Mr. Abdul Shakoor	Member
21)	Mr. Asad Umar Minister for Planning, Development and Special Initiatives	Ex-Officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annex 'A' in its meeting held on 27-01-2022 and the Committee recommended following amendments in the Bill:-

In Clause 2

For the proposed clause 2, the following shall be substituted, namely:-

2. Substitution of long title, VIII of 2017.-In the Public Private Partnership Authority Act, 2017 (Act VIII of 2017), hereinafter referred to as the said Act, for the long title, the following shall be substituted, namely:-

"An Act to create an enabling environment for development projects and the provision of public infrastructure and related services in Pakistan through private sector participation.".

3. Amendment of section 1, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 1, sub-section (4) shall be omitted.

4. Amendment of section 2, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 2, in paragraph (o), for the word "proposer" the word "proposal" shall be substituted.

5. Amendment of section 4, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 4, in sub-section (2),-

(a) for the clause (a), the following shall be substituted, namely:-

"(a) provide advisory services in the manner prescribed, either directly or by engaging such international or local consultants as may be deemed appropriate, to implementing agencies, provincial or other governments within Pakistan and entities owned or controlled by such governments, or to such other entities as may be determined by the Board, and may charge fees for the provision of the aforesaid services;";

(b) for the clause (f), the following shall be substituted, namely:-

"(f) subject to any rules or regulations made hereunder, advise, facilitate and support, as needed, implementing agencies to develop and structure qualified projects;"; and

(c) clauses (i) and (j) shall be omitted.

6. Amendment of section 5, VIII of 2017.- In the said Act, in section 5, in sub-section (1), for the words "prescribed manner and on prescribed terms and conditions", the words "manner and on such terms and conditions as the Board may prescribe by regulations" shall be substituted.

7. Amendment of section 7, VIII of 2017.- In the said Act, in section 7, in sub-section (2), for the word "Board", occurring second time , the word "Authority" shall be substituted.

8. Amendment of section 8, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 8, in sub-section (2),-

(a) for clause (a), the following shall be substituted, namely:-

"(a) formulating the investment policy, establishing standards and procedures for investment of any amounts from the P3A Fund, the viability gap fund and the project development facility, including investments in bonds or other financial instruments issued by the Federal Government;"; and

(b) for clause (c), the following shall be substituted, namely:-

"(c) considering the project proposal for a qualified project for purposes of according its approval or otherwise with respect to the transaction structure of the project;".

9. Amendment of section 12A, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 12A, in sub-section (1), the words, "in the manner prescribed" shall be omitted.

10. Amendment of section 13, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 13, the sub-sections (3) and (4) shall be omitted.

11. Amendment of section 13A, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 13A, in sub-section (3), for clause (b), the following shall be substituted, namely:-

"(b) considering the project qualification proposal for a qualified project for purposes of according its approval or otherwise with respect to the transaction structure of the project;".

12. Amendment of section 14, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 14,-

(1) in sub-section (1),-

(a) for clause (b), the following shall be substituted, namely:-

"(b) the project shall require approval of the CDWP;"; and

(b) in clause (e), for full stop at the end a colon shall be substituted and thereafter the following proviso shall be added, namely:-

"Provided that the evaluation by the risk management unit pursuant to sub-section (2) of section 12A shall be provided as part of the approvals process in the manner prescribed."; and

(2) after sub-section (1), amended as aforesaid, the following new sub-section shall be inserted, namely:-

"(1A) For the avoidance of doubt, where, prior to the commencement of the Public Private Partnership Authority (Amendment) Act, 2022, any approvals had been granted with respect to any project qualification proposals and project proposals, such approvals shall continue to be in force unless amended, withdrawn or rescinded by an authority competent to do so under this Act.".

13. Amendment of section 17, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 17, in clause (d), for the words "after obtaining such approvals as may be prescribed by the Authority in this regard", the words "in accordance with applicable law" shall be substituted.

14. Amendment of section 19, Act VIII of 2017.- In the said Act, for section 19, the following shall be substituted, namely:-

"**19. Negotiation of the agreement.-** The implementing agency shall, after obtaining applicable approvals and subject to the terms and conditions of such approvals, invite the successful private party bidder for negotiation of the public private partnership agreement.".

15. **Amendment of section 25A, Act VIII of 2017.-** In the said Act, for section 25A, the following shall be substituted, namely:-

"**25A. Power to make regulations.-** The Board may, by notification in the official Gazette, make regulations for carrying out purposes of this Act which shall not be inconsistent with the provisions of this Act and, if prescribed, any rules made thereunder."

16. **Amendment of section 29, Act VIII of 2017.-** In the said Act, in section 29,

(a) the words, "in respect of matters relating to the projects" shall be omitted; and

(b) after the words "regulations made" at the end, the word "thereunder" shall be inserted.

17. **Insertion of new sections 31 and 32, Act VIII of 2017.-** In the said Act, after section 30, the following new sections 31 and 32 shall be added, namely:-

"**31. Hiring of consultants and experts.**_ Notwithstanding anything contained in the Public Procurement Regulatory Authority Ordinance, 2002 (XXII of 2002), any rules and regulations made thereunder or any similar laws, the Board may, by regulations, prescribe the manner, method and procedures for.-

(a) the hiring of transaction advisers by implementing agencies in connection with public private partnership projects or certain classes thereof, and such prescribed conditions, once notified, shall govern the hiring of consultants by implementing agencies for providing such transactional advisory services to the extent prescribed therein, including with respect to the direct contracting of international financial institutions as transaction advisers for certain public private partnership projects or classes of public private partnership projects, to the extent and on such terms and conditions as prescribed therein; and

(b) the hiring of international and local consultants and experts by the Authority, and such prescribed conditions, once notified, shall exclusively govern the hiring of consultants and experts by the Authority.

32. Prior consent of the Board with respect to certain legal actions.- Notwithstanding anything contained in any law for the time being in force, no legal action shall be initiated against any member, officer or official by any government agency for acts of omission or commission in his official capacity, pertaining to this Act, or the rules or regulation made thereunder, unless the said agency obtains prior consent of the Board by an intimation in writing to the Board along-with supporting evidence to the charges. The Board shall constitute an inquiry committee for the purpose, which shall determine whether there is a prima facie cause for the legal action on the charges. The committee shall give its findings and recommendations to the Board and the decision of the Board on the matter, whether to allow the proposed legal action or not shall be deemed to be final.".

4. The Committee with the majority vote recommended that the Bill as amended and reported (placed at Annex-B) may be passed by the National Assembly. However, Ms. Shaza Fatima Khawaja, MNA, Mr. Muhammad Junaid Anwar Chadhaury, MNA and Mr. Muhammad Sajjad, MNA gave their Note of Dissent (placed at Annex-C) against the Bill as amended by the Committee.

Sd/-
(TAHIR HUSSAIN)
Secretary
Islamabad, 18th March 2022

Sd/-
(JUNAID AKBAR)
Chairman

ANNEX-A

[AS LAID IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

ORDINANCE No. XVIII OF 2021

AN

ORDINANCE

further to amend Public Private Partnership Authority (Amendment) Act, 2021

WHEREAS, it is expedient further to amend Public Private Partnership Authority (Amendment) Act, 2021 for the purposes hereinafter appearing;

AND WHEREAS, the Senate and the National Assembly are not in session and the President of the Islamic Republic of Pakistan is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW, THEREFORE, in exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President of the Islamic Republic of Pakistan is pleased to make and promulgate the following Ordinance:—

1. **Short title and commencement.**—(1) This Ordinance shall be called the Public Private Partnership Authority (Amendment) Ordinance, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment in the public Private Partnership Authority (Amendment) Act, 2021.**—In the Public Private Partnership Authority (Amendment) Act, 2021, the following further amendments shall be made, namely:—

i. in Section-14, after sub-section (3);

"(4) Notwithstanding anything contained in this Act, where prior to the commencement of the Public Private Partnership Authority (Amendment) Act, 2021, project or *proposal with regard to a project, has been granted any approval by the Board as required under this Act, any subsequent process with respect to the approval of such project or proposal shall continue to be dealt with as if the Public Private Partnership Authority (Amendment) Act, 2021 was not in force."*

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Board of the Public Private Partnership Authority (the, "P3A"), in exercise of its powers conferred upon the Board under the Act 2017, approved the road infrastructure project titled "Sialkot (Sambrial)-Khairan Motorway Project by authorizing the procuring agency i.e., the National Highway Authority, to procure the project through competitive bidding under Public Procurement Rules, 2004. Meanwhile P3A Authority Amendment Act 2021 was approved. After promulgation of Amendment Act 2021, a legal question arose regarding validity of the approval process since the approval fora have changed under the Amendment Act 2021. Ministry of Law & Justice was requested to tender advice whether P3A and the procuring agency (NHA) were required to re-obtain approvals from the Public Private Partnership Working Party (P3WP) as per 2021 Amendment Act or the P3A or the procuring agency (NHA) should procure the above said project *de novo*.

2. Ministry of Law & Justice advised that the entire process was done as per the legal regime in force at the time and did not suffer from any infirmity on account of processing. All actions / process completed under the old legal framework may be saved by inserting a new clause in the Amendment Act 2021. The Amendment Act 2021 should have had this standard clause from inception as per the usual practice. Therefore, a provision may be added as sub-clause (4) in Section 14 of the Amendment Act 2021 as under:

> "(4) *Notwithstanding anything contained in this Act, where prior to the commencement of the Public Private Partnership Authority (Amendment) Act, 2021, a project or proposal with regard to a project, has been granted any approval by the Board as required under this Act, any subsequent process with respect to the approval of such project or proposal shall continue to be dealt with as if the Public Private Partnership Authority (Amendment) Act, 2021 was not in force.*"

3. Award of strategic projects of national importance including "Sialkot (Sambrial)-Khairan Motorway Project" in PPP mode is being delayed due to the legal issues arisen after notification of the Amendment Act 2021. The insertion of the 'Saving' clause mentioned above is, therefore, urgently required.

(Asad Umar)
Minister

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

An

Act

further to amend Public Private Partnership Authority Act, 2017

WHEREAS it is expedient further to amend the Public Private Partnership Authority Act, 2017 (Act VIII of 2017), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. Short title and commencement.-(1) This Act shall be called the Public Private Partnership Authority (Amendment) Act, 2022.

(2) It shall come into force at once.

2. Substitution of long title, VIII of 2017.-In the Public Private Partnership Authority Act, 2017 (Act VIII of 2017), hereinafter referred to as the said Act, for the long title, the following shall be substituted, namely:-

> *"An Act to create an enabling environment for development projects and the provision of public infrastructure and related services in Pakistan through private sector participation.".*

3. Amendment of section 1, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 1, sub-section (4) shall be omitted.

4. Amendment of section 2, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 2, in paragraph (o), for the word "proposer" the word "proposal" shall be substituted.

5. Amendment of section 4, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 4, in sub-section (2),-

(a) for the clause (a), the following shall be substituted, namely:-

> "(a) provide advisory services in the manner prescribed, either directly or by engaging such international or local consultants as may be deemed appropriate, to implementing agencies, provincial or other governments within Pakistan and entities owned or controlled by such governments, or to such other entities as may be determined by the Board, and may charge fees for the provision of the aforesaid services;";

(b) for the clause (f), the following shall be substituted, namely:-

> "(f) subject to any rules or regulations made hereunder, advise, facilitate and support, as needed, implementing agencies to develop and structure qualified projects;"; and

(c) clauses (i) and (j) shall be omitted.

6. Amendment of section 5, VIII of 2017.- In the said Act, in section 5, in sub-section (1), for the words "prescribed manner and on prescribed terms and conditions", the words "manner and on such terms and conditions as the Board may prescribe by regulations" shall be substituted.

7. Amendment of section 7, VIII of 2017.- In the said Act, in section 7, in sub-section (2), for the word "Board", occurring second time , the word "Authority" shall be substituted.

8. Amendment of section 8, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 8, in sub-section (2),-

(a) for clause (a), the following shall be substituted, namely:-

"(a) formulating the investment policy, establishing standards and procedures for investment of any amounts from the P3A Fund, the viability gap fund and the project development facility, including investments in bonds or other financial instruments issued by the Federal Government;"; and

(b) for clause (c), the following shall be substituted, namely:-

"(c) considering the project proposal for a qualified project for purposes of according its approval or otherwise with respect to the transaction structure of the project;".

9. Amendment of section 12A, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 12A, in sub-section (1), the words, "in the manner prescribed" shall be omitted.

10. Amendment of section 13, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 13, the sub-sections (3) and (4) shall be omitted.

11. Amendment of section 13A, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 13A, in sub-section (3), for clause (b), the following shall be substituted, namely:-

"(b) considering the project qualification proposal for a qualified project for purposes of according its approval or otherwise with respect to the transaction structure of the project;".

12. Amendment of section 14, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 14,-

(1) in sub-section (1),-

(a) for clause (b), the following shall be substituted, namely:-

"(b) the project shall require approval of the CDWP;"; and

(b) in clause (e), for full stop at the end a colon shall be substituted and thereafter the following proviso shall be added, namely:-

"Provided that the evaluation by the risk management unit pursuant to sub-section (2) of section 12A shall be provided as part of the approvals process in the manner prescribed."; and

(2) after sub-section (1), amended as aforesaid, the following new sub-section shall be inserted, namely:-

"(1A) For the avoidance of doubt, where, prior to the commencement of the Public Private Partnership Authority (Amendment) Act, 2022, any approvals had been granted with respect to any project qualification proposals and project proposals, such approvals shall continue to be in force unless amended, withdrawn or rescinded by an authority competent to do so under this Act.".

13. Amendment of section 17, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 17, in clause (d), for the words "after obtaining such approvals as may be prescribed by the Authority in this regard", the words "in accordance with applicable law" shall be substituted.

14. Amendment of section 19, Act VIII of 2017.- In the said Act, for section 19, the following shall be substituted, namely:-

"**19. Negotiation of the agreement.-** The implementing agency shall, after obtaining applicable approvals and subject to the terms and conditions of such approvals, invite the successful private party bidder for negotiation of the public private partnership agreement.".

15. Amendment of section 25A, Act VIII of 2017.- In the said Act, for section 25A, the following shall be substituted, namely:-

"**25A. Power to make regulations.-** The Board may, by notification in the official Gazette, make regulations for carrying out purposes of this Act which shall not be inconsistent with the provisions of this Act and, if prescribed, any rules made thereunder."

16. Amendment of section 29, Act VIII of 2017.- In the said Act, in section 29,

(a) the words, "in respect of matters relating to the projects" shall be omitted; and

(b) after the words "regulations made" at the end, the word "thereunder" shall be inserted.

17. Insertion of new sections 31 and 32, Act VIII of 2017.- In the said Act, after section 30, the following new sections 31 and 32 shall be added, namely:-

"**31. Hiring of consultants and experts._** Notwithstanding anything contained in the Public Procurement Regulatory Authority Ordinance, 2002 (XXII of 2002), any rules and regulations made thereunder or any similar laws, the Board may, by regulations, prescribe the manner, method and procedures for.-

(a) the hiring of transaction advisers by implementing agencies in connection with public private partnership projects or certain classes thereof, and such prescribed conditions, once notified, shall govern the hiring of consultants by implementing agencies for providing such transactional advisory services to the extent prescribed therein, including with respect to the direct contracting of international financial institutions as transaction advisers for certain public private partnership projects or classes of public private partnership projects, to the extent and on such terms and conditions as prescribed therein; and

(b) the hiring of international and local consultants and experts by the Authority, and such prescribed conditions, once notified, shall exclusively govern the hiring of consultants and experts by the Authority.

32. Prior consent of the Board with respect to certain legal actions.- Notwithstanding anything contained in any law for the time being in force, no legal action shall be initiated against any member, officer or official by any government agency for acts of omission or commission in his official capacity, pertaining to this Act, or the rules or regulation made thereunder, unless the said agency obtains prior consent of the Board by an intimation in writing to the Board along-with supporting evidence to the charges. The Board shall constitute an inquiry committee for the purpose, which shall determine whether there is a prima facie cause for the legal action on the charges. The committee shall give its findings and recommendations to the Board and the decision of the Board on the matter, whether to allow the proposed legal action or not shall be deemed to be final.".

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Board of the Public Private Partnership Authority (the, "P3A"), in exercise of its powers conferred upon the Board under the Act VIII of 2017, approved the road infrastructure project titled "Sialkot (Sambrial)-Kharian Motorway Project by authorizing the procuring agency, i.e., the National Highway Authority, to procure the project through competitive bidding under Public Procurement Rules, 2004. Meanwhile, the Public Private Partnership Authority (Amendment) Act, 2021 was passed by the Parliament. Subsequently, a legal question arose regarding validity of the approval process since the approval fora had changed under the said Amendment Act of 2021. Hence, upon the advice received from the Ministry of Law & Justice, a saving provision may be added, as sub-clause (1A) in Section 14 of the Act VIII of 2017 as amended by the Amendment Act of 2021, as under:

> *"(1A) For the avoidance of doubt, where, prior to the commencement of the Public Private Partnership Authority (Amendment) Act, 2022, any approvals that had been granted with respect to any project qualification proposals and project proposals, such approvals shall continue to be in force unless amended, withdrawn or rescinded by an authority competent to do so under this Act."*

2. Award of strategic projects of national importance including "Silakot (Sambrial)-Kharian Motorway Project" in public private partnership mode is being delayed due to the legal issues arisen after notification of the Amendment Act of 2021. The insertion of 'saving clause' mentioned above along with some other amendments in the Act VIII of 2017 as amended by the Amendment Act of 2021, therefore, is urgently required.

(Asad Umer)

Minister

ANNEX-C

18th March, 2022

NOTE OF DISSENT

We, the following members of the Standing Committee on Planning, Development & Special Initiatives reject the "Public Private Partnership Authority (Amendment) Bill, 2021" passed hastily by the standing Committee. Despite protest by the several members, more than twenty-one amendments were proposed in two clause amending Ordinance. We believe that the amendments proposed by Committee have distorted the structure and scope of the original Bill and are in clear violation of rule 130 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007. There are serious issues in this Bill that need to be addressed. We, therefore, submit this dissent note and oppose the Bill.

Yours Sincerely,

Sd/-

Ms. Shaza Fatima Khawaja, MNA

Mr. Muhammad Junaid Anwar Chaudary, MNA

Mr. Muhammad Sajjad, MNA

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۲ء پر قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات ۲۱/اکتوبر، ۲۰۲۱ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۱۷ء (ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۲ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

۱۔	**جناب جنید اکبر**	**چیئرمین**
۲۔	جناب شیر اکبر خان	رکن
۳۔	جناب صالح محمد	رکن
۴۔	جناب شوکت علی	رکن
۵۔	سید فیض الحسن	رکن
۶۔	جناب نواب شیر	رکن
۷۔	جناب محمد ابراہیم خان	رکن
۸۔	سردار نصر اللہ خان دریشک	رکن
۹۔	جناب شیر علی ارباب	رکن
۱۰۔	جناب عمران خٹک	رکن
۱۱۔	چوہدری سالک حسین	رکن
۱۲۔	جناب محمد سجاد	رکن
۱۳۔	جناب احسن اقبال چوہدری	رکن
۱۴۔	جناب محمد جنید انوار چوہدری	رکن
۱۵۔	سردار محمد عرفان ڈوگر	رکن
۱۶۔	محترمہ شیزیٰ فاطمہ خواجہ	رکن
۱۷۔	سید مرتضیٰ محمود	رکن
۱۸۔	جناب نوید ڈیرو	رکن
۱۹۔	سید آغا رفیع اللہ	رکن
۲۰۔	جناب عبدالشکور	رکن
۲۱۔	جناب اسد عمر وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات	رکن بلحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۲۷/جنوری، ۲۰۲۲ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی پیش کردہ بل پر غور کیا اور کمیٹی نے بل میں حسب ذیل ترامیم کی سفارش کی:۔

شق ۲ میں

مجوزہ شق ۲ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا:۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، طویل عنوان کی تبدیلی:۔** سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۱۷ء (ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء) میں، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، طویل عنوان کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"نجی شعبے کی شراکت سے پاکستان میں ترقیاتی منصوبوں کے لئے ساز گار ماحول پیدا کرنے اور سرکاری بنیادی ڈھانچے اور متعلقہ خدمات کی فراہمی کا ایکٹ۔"

۳۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱ میں، ذیلی دفعہ (۴) حذف کر دی جائے گی۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲ میں، پیرا (س) میں الفاظ "تجویز کنندہ" کو لفظ "تجویز" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں،۔

(الف) شق (الف) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(الف) تجویز کردہ طریق کار سے، براہ راست یا ایسے بین الاقوامی یا مقامی کنسلٹنٹس کو شامل کر کے، جو کہ مناسب خیال کیا جائے، پاکستان کے اندر عملدرآمد کرانے والے ادارے، صوبائی یا دیگر حکومتوں اور ان حکومتوں کے زیر ملکیت یا ان کے زیر انتظام اداروں، جیسا کہ بورڈ کی جانب سے تعین کیا جا سکتا ہے، کو مشاورتی خدمات فراہم کرے گا اور دیگر خدمات کی فراہمی کے لئے فیس وصول کرے گا؛"؛

(ب) شق (و) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(و) اس کے تحت وضع کردہ کسی بھی قواعد وضوابط سے مشروط ہے، ضرورت کے مطابق عملدرآمد کرانے والے اداروں کو اہلیت پر پورا اترنے پر دیئے گئے منصوبوں کو تیار کرنے اور ان کی تشکیل کے لئے مشورہ، سہولت اور مدد فراہم کرے گا؛"؛ نیز

(ج) شقات (ط) اور (ی) حذف کر دی جائیں گی۔

۶۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۵ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "مقررہ طریق کار اور مقررہ شرائط و قیود پر" کو الفاظ "طریقہ کار اور ایسی شرائط و قیود پر جیسا کہ بورڈ ضوابط کے ذریعے تجویز کرے" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۷۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۷ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، دوسری مرتبہ آنے والے لفظ "بورڈ" کو لفظ "اتھارٹی" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۸۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۸ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں،۔

(الف) شق (الف) کو حسب ذیل کو تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(الف) سرمایہ کاری کی پالیسی کی تشکیل، P3A فنڈ سے کسی بھی رقم کی سرمایہ کاری کے لئے معیارات اور طریقہ کار کا قیام، وائیبلٹی گیپ فنڈ اور منصوبے کی ترقی کی سہولت، بشمول بانڈز یا وفاقی حکومت کی جاری کردہ دیگر مالیاتی معاہدہ میں سرمایہ کاری؛"؛ اور

(ب) شق (ج) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ج) منصوبے کے لین دین کے طریقہ کار کے ضمن میں اس کی منظوری یا بصورت دیگر مقاصد کے لئے کسی منظور شدہ منصوبے کے لئے منصوبہ جاتی تجویز پر غور؛"۔

۹۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱۲/الف کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۲/الف میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "مقرر کردہ طریقے سے" حذف کر دیئے جائیں گے۔

۱۰۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۳ میں، ذیلی دفعات (۳) اور (۴) حذف کر دی جائیں گی۔

۱۱۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱۳/الف کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۳/الف میں، ذیلی دفعہ (۳) میں، شق (ب) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ب) منصوبے کے لین دین کے طریقہ کار کے ضمن میں اس کی منظوری یا بصورت دیگر مقاصد کے لئے منظور شدہ منصوبے کے لئے منصوبہ جاتی تجویز پر غور؛"۔

۱۲۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۴ میں،۔

(۱) ذیلی دفعہ (۱) میں،۔

(الف) شق (ب) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ب) منصوبے کے لئے سی ڈی ڈبلیو پی (CDWP) کی منظوری درکار ہو گی؛"؛ اور

(ب) شق (ہ) میں، آخر میں آنے والے وقف کامل کو 'شرحہ' سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ دفعہ ۱۲/الف کی ذیلی دفعہ (۲) کی تعمیل میں رسک مینجمنٹ یونٹ کی جانب سے جائزہ مجوزہ طریقہ کار کے تحت منظوری کے عمل کے حصہ کے طور پر پیش کیا جائے گا۔"؛ اور

(۲) مذکورہ ترمیم شدہ ذیلی دفعہ (۱) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"(۱/الف) سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۲ء کے آغاز سے پہلے کسی شک سے بچنے کے لئے، کسی منصوبہ کے لئے تجاویز اور منصوبے کی منظوری کی تجاویز کے حوالے سے دی گئی منظوری اس وقت تک نافذ رہے گی جب تک اس میں ترمیم کی جائے، واپس لی جائے یا ایکٹ ہذا کے تحت مجاز اتھارٹی کی جانب سے اس کو منسوخ کیا جائے۔"۔

۱۳۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۷ میں، شق (د) میں، الفاظ "اس ضمن میں اتھارٹی کی جانب سے تجویز کردہ مذکورہ منظوریاں حاصل کرنے کے بعد"، کو الفاظ "قابل اطلاق قانون کے مطابق" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۴۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱۹ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۹ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۹۔ **معاہدہ کے مذاکرات:۔** عملدرآمد کنندہ ادارہ، قابل اطلاق منظوری حاصل کرنے کے بعد اور اس منظوری کے قیود و شرائط کے تحت، کامیاب نجی بولی دہندہ فریق کو سرکاری نجی شراکتی معاہدہ پر مذاکرات کے لئے مدعو کرے گا۔"۔

۱۵۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۲۵/الف کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۵/الف کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۲۵/الف۔ **ضوابط وضع کرنے کا اختیار:۔** بورڈ سرکاری جریدے میں اعلامیے کے ذریعے، ایکٹ ہذا کی اغراض بجالانے کے لئے ضوابط وضع کر سکتا ہے، جو ایکٹ ہذا کی تصریحات سے متناقص نہ ہوں اور، اگر تجویز کیا جائے، اس کے تحت قواعد وضع کر سکتا ہے۔"

۱۶۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۲۹ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۹ میں،۔

(الف) الفاظ "منصوبوں سے متعلقہ معاملات کے حوالے سے" حذف کر دیئے جائیں گے؛ نیز

(ب) آخر میں الفاظ "وضع کردہ ضوابط" کے بعد، الفاظ "اس کے تحت" شامل کر دیئے جائیں گے۔

۱۷۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، نئی دفعات ۳۱ اور ۳۲ کا اندراج:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۳۰ کے بعد، حسب ذیل نئی دفعات ۳۱ اور ۳۲ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۳۱۔ **مشیروں اور ماہرین کی خدمات کا حصول**:۔ باوجود اس کے کہ پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (نمبر ۲۲ بابت ۲۰۰۲ء)، اس کے تحت وضع کردہ قواعد و ضوابط یا ایسے کسی بھی قوانین میں کوئی چیز مذکور ہو، بورڈ ضوابط کے ذریعے درج ذیل کا طریقہ کار، انداز اور طریق ہائے کار وضع کر سکتا ہے۔

(الف) سرکاری نجی شراکت داری کے منصوبوں یا اس کی بعض اقسام سے متعلق عملدرآمدی اداروں کی جانب سے ٹرانزیکشن ایڈوائزرز کی خدمات کا حصول اور ایسی مقررہ شرائط، کے مشتہر کئے جاتے ہیں، عملدرآمدی اداروں کی جانب سے کنسلٹنٹس کی خدمات کے حصول کو منظم کرے گا تاکہ اس میں مقررہ حد تک معاملات کی ایسی مشاورتی خدمات فراہم کی جائیں، بشمول سرکاری نجی شراکت کے منصوبوں یا بعض سرکاری نجی شراکت داری کے منصوبوں کی اقسام یا معاملات کے مشیروں کے طور پر بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے براہ راست معاہدے کے لحاظ سے، اس حد تک اور ایسی قیود و شرائط پر جیسا کہ اس میں مقررہ ہوں؛ نیز

(ب) اتھارٹی کی جانب سے بین الاقوامی اور مقامی کنسلٹنٹس اور ماہرین کی خدمات کا حصول، اور ایسی مقررہ شرائط کے مشتہر ہوتے ہیں، اتھارٹی کی جانب سے کنسلٹنٹس اور ماہرین کی خدمات کا حصول خصوصی طور پر منظم کرے گا۔

۳۲۔ **بعض قانونی کارروائیوں سے متعلق بورڈ کی ماقبل رضامندی**:۔ فی الوقت نافذ العمل کسی قانون میں مذکور کسی امر کے باوجود ایکٹ ہذا یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد و ضوابط سے متعلق اپنی سرکاری حیثیت میں فعل فروگزاشت یا غلطی پر کسی سرکاری ایجنسی کی جانب سے کسی رکن، افسر یا اہلکار کے خلاف کوئی قانونی کارروائی نہیں کی جائے گی تاوقتیکہ مذکورہ ایجنسی الزامات کے متعلقہ ثبوت کے ساتھ بورڈ کو تحریری طور پر اطلاع کے ذریعے بورڈ کی ماقبل رضامندی حاصل نہ کر لے۔ اس مقصد کے لئے بورڈ ایک تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دے گا جو اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا بادی النظر میں الزامات پر قانونی کارروائی کے لئے کوئی وجہ موجود ہے۔ کمیٹی اپنے نتائج اور سفارشات بورڈ کو پیش کرے گی اور اس معاملہ پر بورڈ کا مجوزہ قانونی کارروائی کی اجازت دینے یا نہ دینے کا فیصلہ حتمی ہوگا۔"۔

کمیٹی نے اکثریتی ووٹ سے سفارش کی کہ قومی اسمبلی ترمیم کردہ اور رپورٹ کردہ بل (جو منسلکہ۔ب پر ہے) کی منظوری دے۔ تاہم، محترمہ شیزیٰ فاطمہ خواجہ، رکن قومی اسمبلی، جناب محمد جنید انوار چوہدری، رکن قومی اسمبلی اور جناب محمد سجاد، رکن قومی اسمبلی نے کمیٹی کی جانب سے ترمیم کردہ بل کے خلاف اپنا اختلافی نوٹ (جو منسلکہ۔ج پر ہے) جمع کرایا۔

دستخط/

(جنید اکبر)

چیئرمین

دستخط/

(طاہر حسین)

سیکرٹری

اسلام آباد، /مارچ، ۲۰۲۲ء

منسلکہ۔الف

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

آرڈیننس نمبر ۱۸ بابت ۲۰۲۱ء

سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا آرڈیننس

ہر گاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں مزید ترمیم کی جائے؛

اور چونکہ سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس نہیں ہو رہے ہیں اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اطمینان حاصل ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کی بناء پر فوری کارروائی کرنا ضروری ہو گیا ہے؛

لہذا، اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) کی رو سے حاصل شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ آرڈیننس سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ترمیم:۔** سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ ۲۰۲۱ء میں، حسب ذیل مزید ترامیم وضع کی جائیں گی، یعنی:۔

(اول) دفعہ ۱۴ میں، ذیلی دفعہ (۳) کے بعد:

"(۴) اس ایکٹ میں شامل کسی امر کے باوصف، جہاں سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے آغاز نفاذ سے قبل، پروجیکٹ یا پروجیکٹ کی نسبت تجویز کو، بورڈ کی جانب سے کوئی منظوری عطاء کی گئی ہو جیسا کہ اس ایکٹ کے تحت متقاضی ہو، تو مذکورہ پروجیکٹ یا تجویز کی منظوری کی نسبت کوئی بھی مابعد قانونی کارروائی، بدستور نمٹائی جائے گی گویا کہ سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء نافذ العمل نہ تھا۔"

بیان اغراض ووجوہ

سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی ("the "P3A") کے بورڈ نے ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے تحت تفویض شدہ اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے روڈ انفراسٹرکچر پراجیکٹ بعنوان "سیالکوٹ (سمبڑیال)۔ کھاریاں موٹروے پراجیکٹ کے حصول کے ادارے یعنی نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو مجاز بناتے ہوئے منظوری دی کہ وہ سرکاری نجی حصول انضباطی قواعد، ۲۰۰۴ء کے تحت مسابقتی بولی کے ذریعے مذکورہ پراجیکٹ کا حصول کرے۔ اسی دوران پی ۳اے اتھارٹی ترمیمی ایکٹ ۲۰۲۱ء کی منظوری ہوئی۔ ترمیمی ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے آغاز نفاذ کے بعد منظوری کے عمل کے جواز سے متعلق ایک قانونی سوال پیدا ہوا کیونکہ ترمیمی ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے تحت منظوری کا فورم تبدیل ہو گیا۔ وزارت قانون وانصاف سے مشورہ طلب کیا گیا کہ آیا پی ۳اے اور حصول کے ادارے (این ایچ اے) کو سرکاری نجی شراکتی ورکنگ پارٹی (پی ۳ڈبلیو پی) سے از سر نو منظوریاں لینا ہوں گی جیسا کہ ترمیمی ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں مندرج ہے یا پی ۳اے یا حصول کے ادارے (این ایچ اے) کو مذکورہ بالا پراجیکٹ نئے سرے سے حاصل کرنا چاہیے۔

(۲) وزارت قانون وانصاف کا مشورہ تھا کہ مذکورہ سارے کا سارا عمل اس وقت نافذ العمل قانونی طریق کار کے مطابق انجام دیا گیا اور عمل کاری کے ضمن میں کوئی نقص واقع نہیں ہوا۔ سابقہ قانونی طریقہ کار کے تحت انجام پانے والے تمام اقدامات ر عمل کو ترمیمی ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ایک نئی شق شامل کر کے استثناء دیا جا سکتا ہے۔ مذکورہ ترمیمی ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں یہ معیاری شق معمول کے طریقہ کے مطابق آغاز نفاذ سے ہونی چاہیے تھی۔ چنانچہ ترمیمی ایکٹ، ۲۰۲۱ء کی دفعہ ۱۴ میں درج ذیل ذیلی شق (۴) کا اضافہ کر دیا جائے؛

"(۴) ایکٹ ہذا میں شامل کسی امر کے باوجود، جہاں سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے آغاز نفاذ سے قبل کوئی پراجیکٹ کے ضمن میں کسی تجویز کی ایکٹ ہذا کی مقتضیات کے مطابق بورڈ کی جانب سے کوئی منظوری دی گئی ہو، تو ایسے منصوبے یا تجویز کی منظوری کے ضمن میں کسی مابعد عمل پر اس طور پر عملدرآمد جاری رہے گا گویا کہ سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء نافذ العمل ہی نہ ہوا تھا۔"

۳۔ قومی اہمیت کے تزویراتی منصوبوں بشمول "سیالکوٹ (سمبڑیال)۔ کھاریاں موٹروے پراجیکٹ" کے پی پی پی طریق کار میں عطا کئے جانے میں ایسے قانونی امور کی وجہ سے، تاخیر واقع ہوئی ہے جو ترمیمی ایکٹ، ۲۰۲۱ء کا نوٹیفکیشن ہونے کے بعد سامنے آئے۔ اس لیے متذکرہ بالا "استثنا" کی شق کی شمولیت فوری درکار ہے۔

دستخط/۔
(اسد عمر)
وزیر

منسلکہ۔ب

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا ایکٹ

ہرگاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی ایکٹ ۲۰۱۷ء (ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۲ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، طویل عنوان کی تبدیلی:۔** سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۱۷ء (ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء) میں، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، طویل عنوان کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"نجی شعبے کی شراکت سے پاکستان میں ترقیاتی منصوبوں کے لئے ساز گار ماحول پیدا کرنے، اور سرکاری بنیادی ڈھانچے اور متعلقہ خدمات کی فراہمی کا ایکٹ۔"

۳۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱ میں، ذیلی دفعہ (۴) حذف کر دی جائے گی۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲ میں، پیرا (س) میں الفاظ "تجویز کنندہ" کو لفظ "تجویز" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں،۔

(الف) شق (الف) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(الف) تجویز کردہ طریق کار سے، براہ راست یا ایسے بین الاقوامی یا مقامی کنسلٹنٹس کو شامل کر کے، جو کہ مناسب خیال کیا جائے، پاکستان کے اندر عملدرآمد کرانے والے ادارے، صوبائی یا دیگر حکومتوں اور ان حکومتوں کے زیر ملکیت یا ان کے زیر انتظام اداروں، جیسا کہ بورڈ کی جانب سے تعین کیا جا سکتا ہے، کو مشاورتی خدمات فراہم کرے گا اور دیگر خدمات کی فراہمی کے لئے فیس وصول کرے گا؛"؛

(ب) شق (و) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(و) اس کے تحت وضع کردہ کسی بھی قواعد و ضوابط سے مشروط ہے، ضرورت کے مطابق عملدرآمد کرانے والے اداروں کو اہلیت پر پورا اترنے پر دیئے گئے منصوبوں کو تیار کرنے اور ان کی تشکیل کے لئے مشورہ، سہولت اور مدد فراہم کرے گا؛"؛ نیز

(ج) شقات (ط) اور (ی) حذف کر دی جائیں گی۔

۶۔ <u>ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۵ کی ترمیم:۔</u> مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "مقررہ طریق کار اور مقررہ شرائط و قیود پر" کو الفاظ "طریقہ کار اور ایسی شرائط و قیود پر جیسا کہ بورڈ ضوابط کے ذریعے تجویز کرے" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۷۔ <u>ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۷ کی ترمیم:۔</u> مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۷ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، دوسری مرتبہ آنے والے لفظ "بورڈ" کو لفظ "اتھارٹی" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۸۔ <u>ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۸ کی ترمیم:۔</u> مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں،۔

(الف) شق (الف) کو حسب ذیل کو تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(الف) سرمایہ کاری کی پالیسی کی تشکیل، P3A فنڈ سے کسی بھی رقم کی سرمایہ کاری کے لئے معیارات اور طریقہ کار کا قیام، وائیبلٹی گیپ فنڈ اور منصوبے کی ترقی کی سہولت، بشمول بانڈز یا وفاقی حکومت کی جاری کردہ دیگر مالیاتی معاہدہ میں سرمایہ کاری؛"؛ اور

(ب) شق (ج) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ج) منصوبے کے لین دین کے طریقہ کار کے ضمن میں اس کی منظوری یا بصورت دیگر مقاصد کے لئے کسی منظور شدہ منصوبے کے لئے منصوبہ جاتی تجویز پر غور؛"۔

۹۔ <u>ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱۲/الف کی ترمیم:۔</u> مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۲/الف میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "مقرر کردہ طریقے سے" حذف کر دیئے جائیں گے۔

۱۰۔ <u>ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱۳ کی ترمیم:۔</u> مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۳ میں، ذیلی دفعات (۳) اور (۴) حذف کر دی جائیں گی۔

۱۱۔ <u>ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱۳/الف کی ترمیم:۔</u> مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۳/الف میں، ذیلی دفعہ (۳) میں، شق (ب) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ب) منصوبے کے لین دین کے طریقہ کار کے ضمن میں اس کی منظوری یا بصورت دیگر مقاصد کے لئے منظور شدہ منصوبے کے لئے منصوبہ جاتی تجویز پر غور؛"۔

۱۲۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۴ میں،۔

(۱) ذیلی دفعہ (۱) میں،۔

(الف) شق (ب) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ب) منصوبے کے لئے سی ڈی ڈبلیو پی (CDWP) کی منظوری درکار ہو گی؛"؛ اور

(ب) شق (ہ) میں، آخر میں آنے والے وقف کامل کو 'شرحہ' سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ دفعہ ۱۲/الف کی ذیلی دفعہ (۲) کی تعمیل میں رسک مینجمنٹ یونٹ کی جانب سے جائزہ مجوزہ طریقہ کار کے تحت منظوری کے عمل کے حصہ کے طور پر پیش کیا جائے گا۔"؛ اور

(۲) مذکورہ ترمیم شدہ ذیلی دفعہ (۱) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"(۱/الف) سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۲ء کے آغاز سے پہلے کسی شک سے بچنے کے لئے، کسی منصوبہ کے لئے تجاویز اور منصوبے کی منظوری کی تجاویز کے حوالے سے دی گئی منظوری اس وقت تک نافذ رہے گی جب تک اس میں ترمیم کی جائے، واپس لی جائے یا ایکٹ ہذا کے تحت مجاز اتھارٹی کی جانب سے اس کو منسوخ کیا جائے۔"۔

۱۳۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۷ میں، شق (د) میں، الفاظ "اس ضمن میں اتھارٹی کی جانب سے تجویز کردہ مذکورہ منظوریاں حاصل کرنے کے بعد"، کو الفاظ "قابل اطلاق قانون کے مطابق" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۴۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱۹ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۹ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۹۔ **معاہدہ کے مذاکرات:۔** عملدرآمد کنندہ ادارہ، قابل اطلاق منظوری حاصل کرنے کے بعد اور اس منظوری کے قیود و شرائط کے تحت، کامیاب نجی بولی دہندہ فریق کو سرکاری نجی شراکتی معاہدہ پر مذاکرات کے لئے مدعو کرے گا۔"۔

۱۵۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۲۵/الف کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۵/الف کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۲۵/الف۔ **ضوابط وضع کرنے کا اختیار:۔** بورڈ سرکاری جریدے میں اعلامیے کے ذریعے، ایکٹ ہذا کی اغراض بجالانے کے لئے ضوابط وضع کر سکتا ہے، جو ایکٹ ہذا کی تصریحات سے متناقض نہ ہوں اور، اگر تجویز کیا جائے، اس کے تحت قواعد وضع کر سکتا ہے۔"

۱۶۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۲۹ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۹ میں،۔

(الف) الفاظ "منصوبوں سے متعلقہ معاملات کے حوالے سے" حذف کر دیئے جائیں گے؛ نیز

(ب) آخر میں الفاظ "وضع کردہ ضوابط" کے بعد، الفاظ "اس کے تحت" شامل کر دیئے جائیں گے۔

۱۷۔ **ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء، نئی دفعات ۳۱ اور ۳۲ کا اندراج:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۳۰ کے بعد، حسب ذیل نئی دفعات ۳۱ اور ۳۲ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۳۱۔ **مشیروں اور ماہرین کی خدمات کا حصول:۔** باوجود اس کے کہ پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (نمبر ۲۲ بابت ۲۰۰۲ء)، اس کے تحت وضع کردہ قواعد وضوابط یا ایسے کسی بھی قوانین میں کوئی چیز مذکور ہو، بورڈ ضوابط کے ذریعے درج ذیل کا طریقہ کار، انداز اور طریق ہائے کار وضع کر سکتا ہے۔

(الف) سرکاری نجی شراکت داری کے منصوبوں یا اس کی بعض اقسام سے متعلق عملدرآمدی اداروں کی جانب سے ٹرانزیکشن ایڈوائزرز کی خدمات کا حصول اور ایسی مقررہ شرائط، کے مشتہر کئے جاتے ہی، عملدرآمدی اداروں کی جانب سے کنسلٹنٹس کی خدمات کے حصول کو منظم کرے گا تاکہ اس میں مقررہ حد تک معاملات کی ایسی مشاورتی خدمات فراہم کی جائیں، بشمول سرکاری نجی شراکت کے منصوبوں یا بعض سرکاری نجی شراکت داری کے منصوبوں کی اقسام یا معاملات کے مشیروں کے طور پر بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے براہ راست معاہدے کے لحاظ سے، اس حد تک اور ایسی قیود و شرائط پر جیسا کہ اس میں مقررہ ہوں؛ نیز

(ب) اتھارٹی کی جانب سے بین الاقوامی اور مقامی کنسلٹنٹس اور ماہرین کی خدمات کا حصول، اور ایسی مقررہ شرائط کے مشتہر ہوتے ہی، اتھارٹی کی جانب سے کنسلٹنٹس اور ماہرین کی خدمات کا حصول خصوصی طور پر منظم کرے گا۔

۳۲۔ **بعض قانونی کارروائیوں سے متعلق بورڈ کی ماقبل رضامندی:۔** فی الوقت نافذ العمل کسی قانون میں مذکور کسی امر کے باوجود ایکٹ ہذا یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد و ضوابط سے متعلق اپنی سرکاری حیثیت میں فعل فروگزاشت یا غلطی پر کسی سرکاری ایجنسی کی جانب سے کسی رکن، افسر یا اہلکار کے خلاف کوئی قانونی کارروائی نہیں کی جائے گی تاوقتیکہ مذکورہ ایجنسی الزامات کے متعلقہ ثبوت کے ساتھ بورڈ کو تحریری طور پر اطلاع کے ذریعے بورڈ کی ماقبل رضامندی حاصل نہ کر لے۔ اس مقصد کے لئے بورڈ ایک تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دے گا جو اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا بادی النظر میں الزامات پر قانونی کارروائی کے لئے کوئی وجہ موجود ہے۔ کمیٹی اپنے نتائج اور سفارشات بورڈ کو پیش کرے گی اور اس معاملہ پر بورڈ کا مجوزہ قانونی کارروائی کی اجازت دینے یا نہ دینے کا فیصلہ حتمی ہوگا۔"۔

بیان اغراض ووجوہ

سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی(the "P3A")کے بورڈ نے ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء کے تحت تفویض شدہ اختیارات کو بروئے کارلاتے ہوئے روڈ انفراسٹرکچر پراجیکٹ بعنوان "سیالکوٹ (سمبڑیال)۔ کھاریاں موٹروے پراجیکٹ کے حصول کے ادارے یعنی نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو مجاز بناتے ہوئے منظوری دی کہ وہ سرکاری حصول قواعد، ۲۰۰۴ء کے تحت مسابقتی بولی کے ذریعے مذکورہ پراجیکٹ کا حصول کرے۔ اسی دوران پی ۳اے اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ ۲۰۲۱ء کی پارلیمنٹ کی جانب سے کی منظوری ہوئی۔ نتیجتاً منظوری کے عمل کے جواز سے متعلق ایک قانونی سوال پیدا ہوا کیونکہ مذکورہ ترمیمی ایکٹ بابت ۲۰۲۱ء کے تحت منظوری کا فورم تبدیل ہو گیا۔ لہذا وزارت قانون وانصاف سے موصول شدہ مشورے پر ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۴ میں ذیلی شق (۱/الف) کے طور پر ایک استثنائی دفعہ کا اضافہ کیا جائے جیسا کہ ترمیمی ایکٹ بابت ۲۰۲۱ء کے ذریعے ترمیم کی گئی جو کہ درج ذیل ہے:

"(۱/الف) شک وشبہ سے بچنے کے لئے جہاں سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۲ء کے آغاز نفاذ سے قبل، کسی پراجیکٹ کے ضمن میں اہلیت کی تجاویز اور منصوباتی تجاویز کے ضمن میں کوئی بھی منظوریاں دی گئی ہوں تو ایسی منظوریوں پر عملدرآمد جاری رہے گا تاوقتیکہ کسی مجاز اتھارٹی کی جانب سے جو ایکٹ ہذا کے تحت ایسا کرنے کی مجاز ہو، ترمیم کر دی جائے، واپس لے لی جائیں یا منسوخ کر دی جائیں۔"

(۲) قومی اہمیت کے تزویراتی منصوبوں بشمول "سیالکوٹ (سمبڑیال)۔ کھاریاں موٹروے پراجیکٹ" کے سرکاری نجی شراکتی طریق کار میں عطا کئے جانے میں ایسے قانونی امور کی وجہ سے، تاخیر واقع ہوئی ہے جو ترمیمی ایکٹ بابت ۲۰۲۱ء کا نوٹیفکیشن ہونے کے بعد سامنے آئے۔ اس لیے متذکرہ بالا "استثنا" کی شق بمع ایکٹ نمبر ۸ بابت ۲۰۱۷ء جیسا کہ ترمیمی ایکٹ بابت ۲۰۲۱ء کے ذریعے ترمیم کیا گیا، میں کچھ دیگر ترامیم کی شمولیت فوری درکار ہے۔

(اسد عمر)
وزیر

منسلکہ۔ ج

۱۸ مارچ، ۲۰۲۲ء

اختلافی نوٹ

ہم، قائمہ کمیٹی برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات کے حسب ذیل اراکین ''سرکاری نجی شراکتی اتھارٹی (ترمیمی) بل ۲۰۲۲ء'' جو کہ قائمہ کمیٹی نے عجلت میں منظور کیا، کو مسترد کرتے ہیں۔ کئی اراکین کی جانب سے احتجاج کے باوجود، ترمیمی آرڈیننس کی دوشقوں میں ایکس سے زائد ترامیم تجویز کی گئیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ کمیٹی کی جانب سے تجویز کردہ ترامیم نے اصل بل کے خدوخال اور دائرہ کار کو مسخ کر دیا ہے اور یہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۱۳۰ کی صریح خلاف ورزی ہے۔ اس بل میں ایسے اہم معاملات ہیں جن کا ازالہ ضروری ہے۔ چنانچہ ہم یہ اختلافی نوٹ پیش کرتے ہیں اور بل کے مخالفت کرتے ہیں۔

مخلص،

دستخط/۔

محترمہ شیزی فاطمہ خواجہ، رکن قومی اسمبلی
جناب محمد جنید انوار چوہدری، رکن قومی اسمبلی
جناب محمد ساجد، رکن قومی اسمبلی